© rasailojaraid.com



ایک سو سے زائد اردو محاورات میں عربی محاورات کا ترجمہ، ڈیڑھ سو مشہور زبان زد اردو جملوں کا عربی ترجمہ، بیس عمدہ اشعار مع معانی، بیس عربی ضرب الامثال متعلقہ تاریخی واقعات سمیت شامل کتاب کر کے مؤلف نے اپنے کام کو خاصا مفید بنا دیا ہے۔ علاوہ بریں کتاب کے آخر میں ایک فرہنگ ہے جو مختلف عنوانات کے تحت ساڑھے بارہ سو الفاظ کا ذخیرہ اپنے دامن میں رکھتا ہے۔ پھر ترجمہ کی تیس مشقیں اور یونیورسٹی کے دس پرچے بھی ان اوراق میں شامل ہیں۔

افسوس کہ ہم صرف کتاب کا تعارف کرا سکے ہیں، تفصیلی مطالعہ سے اس پر تنقیدی لئے نہیں دے سکتے۔

**تبلیغی دورے** | از جناب سید داؤد الحی ندوی۔ شائع کردہ: ادارۂ تبلیغ الاسلام، زکریا مسجد اسٹریٹ بمبئی قیمت ۱۲؍

یہ کتاب ایک سفرنامے پر مشتمل ہے۔ جناب مؤلف مشرقی افریقہ کے بعض اہل خیر کی طرف سے خصوصی دعوت و اصرار پر اس علاقے میں تبلیغی دورے کے لیے تشریف لے گئے۔ مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ مساجد، درسگاہوں، دینی اور سوشل اداروں کے زیر انتظام جابجا تقریریں کیں اور ان تقریروں کی وجہ سے وہاں کے مسلمانوں کی بڑی حوصلہ افزائی ہوئی۔ اس خطۂ ارضی میں مسلمان ایک تو مغربی تسلط کے تحت پڑے ہیں، دوسرے عیسائی مشن مقامی آبادی پر بھی اور خود مسلمانوں پر بھی چھاپے مارتے رہتے ہیں، تیسری طرف قادیانی اپنے جال پھیلائے ہوئے ہیں۔ مؤلف جہاں گئے، قادیانیوں نے ہر جگہ شرارت اٹھائی، کہیں پولیس کے کان بھرے اور کہیں یہ افواہیں اڑا دیں کہ سید صاحب انڈیا کے سیاسی ایجنٹ اور پاکستان کے مخالف بن کر یہاں وارد ہوئے ہیں۔ جناب مؤلف کا بیان ہے کہ وہاں ابتدا میں اس گروہ نے قرآن کریم کا ترجمہ سواحلی زبان میں کرنے کے لیے مسلمانوں سے چندہ حاصل کیا، لیکن جب ترجمہ سامنے آیا تو مخصوص قادیانی خرافات کو دیکھ کر لوگ متوحش ہوئے۔ فوراً ہی اس ترجمہ پر تنقیدی لٹریچر شائع ہونے لگا۔ نیز ایک صحیح مستند ترجمہ شائع کرنے کی ضرورت کا احساس پیدا ہو گیا۔ مؤلف نے اس امر کو نوٹ کیا ہے کہ مشرقی افریقہ میں یہ طلب موجود ہے کہ سرزمین ہند و پاک سے مبلغین ان کے پاس جائیں اور خود ان میں اور مقامی آبادی میں کام کریں۔ ایک وسیع میدانِ کار موجود ہے۔

کتاب نہایت سیدھے سادے نوٹس پر مشتمل ہے جس میں سے بعض بہت ہی مجمل ہیں تاہم اس کے

© rasailojaraid.com